ملاوٹ عام ہے

میں ایک انتہائی سنگین مسئلے کی جانب آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہوں جو آج کل عوام کی ہلاکت کا باعث بنا ہوا ہے، روزمرہ کی اشیا میں ملاوٹ کرکے زیادہ سے زیادہ رقم کمانا عام ہوگیا ہے، ملک میں ناقص اشیا سے تیار ہونے والی چیزیں بیچ کر عوام کی زندگیوں سے کھیلا جارہا ہے جس سے لوگ مر رہے ہیں، ملک بھر میں تین چیزوں میں سب سے زیادہ ملاوٹ اور آلودگی ہوتی ہے، وہ ہیں پانی، دودھ اور تیل۔ ترقی یافتہ ممالک میں فوڈ اور ڈرگ کنٹرول اتھارٹیز بہت مضبوط ہوتی ہیں جو کھانے پینے کی تمام اشیا کے معیار کو جانچتی ہیں اور پھر انہیں فروخت کرنے کی اجازت دی جاتی ہے لیکن بد قسمتی سے ہمارے ملک میں اس قسم کا کوئی ادارہ نہیں ہے۔ درخواست ہے کہ حکومت غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ اشیا فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے تاکہ لوگوں کو صاف ستھری اور معیاری اشیا خوردونوش کی فراہمی ممکن ہو۔

(پاکیزہ شوکت۔کراچی)

Daily Jang
https://jang.com.pk/print/316292-todays-print